گورنر KATHY HOCHUL 11/11/2022 :فوری ریلیز کے لیے

گورنر HOCHUL نے ویٹرنز ڈے پر نئے قوانین کا اعلان کیا جس میں سابق فوجیوں اور انکے خاندانوں کے لئے تحفظ اور معاونت میں مزید مضبوطی آئے گی

آپریشن گرین لائٹ کے جزو کے طور پر آج شام 17 یادگاروں پر چراغاں کیا جائے گا، جس کا آغاز ریاست نیو یارک میں ہوا اور اب پورے ملک میں منایا جا رہا ہے

قانون کی شق (S.2089B/A.357A) قانون گورنر کو نئے قائم کردہ "ریاست نیو یارک کا جنگ ویتنام کا یادگاری تمغہ" پیش کرنے کا اختیار دیتی ہے۔

قانون کی شق (S.2091C/A1310B) قانون گورنر کو نئے قائم کردہ "ریاست نیو یارک کا جنگ ویتنام کا یادگاری تمغہ" پیش کرنے کا اختیار دیتی ہے۔

قانون کی شق (S.1961B/A3913B) آجران کو پابند کرتی ہے کہ وہ محکمہ محنت مزدوری کا تیار کردہ 'سابق فوجیوں کے لئے مراعات اور خادمات' نامی پوسٹر کو کسی ایسی جگہ نصب کریں جس تک ملازمین کو رسائی حاصل ہو

قانون کی شق (S.6022B/A.5278B) ان سابق فوجیوں کو جو شرائط پر پورے اترتے ہوں یا جنہیں اپنی LGBTQ شناخت کی بنا پر غیر منصفانہ طور پر ڈسچارج کیا گیا تھا یہ اختیار دیتی ہے کہ وہ اپنی فوجی سروس کا کریڈٹ وصول کریں

قانون کی شق (S.2238B/A6551B) ریاستی ویٹرنز ہومز میں موجود افراد کے لئے "ریزروڈ بیڈ ڈے" کا قیام عمل میں لاتی ہے

قانون کی شق (S.7068A/A.7728A) مصدقہ سروس ڈِس ایبلڈ ویٹرن اونڈ بزنسز کے لئے بعض مربوط قرضوں اور فنانسنگ پروگراموں پر صفر سود کی سہولت فراہم کرتی ہے

قانون کی شق (S.8729/A.9590) ڈویژن آف ویٹرنز سروسز کو ہدایت کرتی ہے کہ وہ ریاست نیو یارک میں سابق فوجیوں کی یادگاروں کا ایک قابلِ تلاش ڈیٹا بیس تیار کرے

قانون کی شق (S.8367/A.9183) نیاگرا کاؤنٹی کو اختیار دیتی ہے کہ وہ سابق فوجیوں کی تنظیموں کو بعض فیسوں کی ادائیگی سے استثنا دے

گورنر Kathy Hochul نے ویٹرنز ڈے پر نئے قوانین کا اعلان کیا جس میں سابق فوجیوں اور انکے خاندانوں کے لئے تحفظ اور معاونت میں مزید مضبوطی آئے گی۔ گورنر نے ویٹرنز ڈے کو سراہنے کے لئے قانون سازی کے آٹھ مسودوں پر دستخط کیے ہیں جن سے انتظامیہ کے اس عزم کا اظہار ہوتا ہے کہ امریکی سروس کے ان اراکین کی مکمل معاونت کی جائے جنہوں نے ملک کے دفاع کے لئے اپنی جانوں کو خطرے میں ڈالا۔ مزید برآں، گورنر

Hochul نے اعلامیہ جاری کیا اور ہدایات دیں کہ سابق فوجیوں اور فوجی سروس کے تمام ادوار کے سروس ممبران کی خدمات کے اعتراف میں آپریشن گرین لائٹ کے جزو کے طور پر آج شام 17 یادگاروں پر چراغاں کیا جائے گا، جس کا آغاز ریاست نیو یارک میں ہوا اور اب پورے ملک میں پھیل چکا ہے۔

"ہمارے سروس ممبران کا ہم پر تعریف و توصیف علاوہ اور بھی حق ہے، اور یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم انکی اور انکے خاندانوں کی مدد و اعانت کریں، **"گورنر Hochul نے کہا۔** "سابق فوجیوں کی تنظیموں کے لئے فیسوں کی معافی سے لے کر بلا سود قرضوں کی فراہمی تک، ہم بھرپور کوششیں کر رہے ہیں کہ یہاں ریاست نیو یارک میں سابق فوجیوں کی کامیابی کی راہ میں کوئی رکاوٹیں حائل ہوں تو انہیں ہٹایا جائے۔ میں ان کی شکرگزار ہوں کہ انہوں نے ہماری آزادی کی حفاظت کی اور مستقبل میں انہیں مسلسل معاونت فراہم کرنے کے لئے پُر عزم ہوں۔"

ریاست نیو یارک کے ڈویژن آف ویٹرنز سروسز کی ڈائریکٹرViviana DeCohen نے کہا، "ہم گورنر Hochul اور مقننہ کی مسلسل مدد و معاونت کے لئے شکرگزار ہیں جو وہ ان سابق فوجیوں کے لئے کر رہے ہیں جنہوں نے ہمیشہ اپنی سروس کو اپنی ذات سے بالاتر رکھا۔ ان قانونی تبدیلیوں سے یہ امر یقینی بنے گا کہ نیو یارک کے تمام سابق فوجیوں، سروس ممبران اور انکے خاندانوں کو ان تمام مراعات تک رسائی حاصل ہو جن کے حقدار وہ اپنی فوجی سروس کی بنا پر بنے ہیں۔"

قانون کی شق (S.2089B/A.357A) کے ذریعے جنگِ ویتنام یادگاری میڈل کا قیام عمل میں آیا ہے اور وہ گورنر کو یہ اختیار دیتی ہے کہ وہ مسلح افواج کے اراکین یا اس منظم ملیشیا کو یہ ییڈل پیش کرے جنہوں نے ویتنام کی جنگ کے دوران نومبر 1955 سے مئی 1975 تک بیرون ملک خدمات انجام دیں۔

قانون کی شق (S.2091C/A1310B) کے ذریعے فوجی قانون میں ترمیم کرکے جنگِ کوریا سروس میڈل کا قیام عمل میں آیا ہے اور وہ گورنر کو یہ اختیار دیتی ہے کہ وہ مسلح افواج کے اراکین یا اس منظم ملیشیا کو یہ ییڈل پیش کرے جنہوں نے کوریا کی جنگ کے دوران جون 1950 سے جنوری 1955 تک بیرون ملک خدمات انجام دیں۔

ریاستی سینیٹر Daphne Jordan نے کہا، "میں بے حد خوش ہوں کہ ریاست نیو یارک کورین وار سروس میڈل اور ریاست نیو یارک ویتنام وار سروس میڈل قائم کرنے والے میرے دو طرفہ بلوں پر دستخط کرکے انہیں ریاستی قانون برائے ویٹرنز ڈے 2022 میں شامل کر لیا گیا ہے! یہ ایک زبردست کامیابی ہے جسے میں اپنے کوریائی جنگ اور ویتنام جنگ کے سابق فوجیوں کے ساتھ شیئر کرنے پر فخر محسوس کر رہی ہوں، جن میں سے متعدد افراد نے میری قانون سازی کی بھرپور حمایت کی اور اس کی منظوری کی کوششوں میں میرا ساتھ دیا۔ یہ میڈل ہمارے ان سابق فوجیوں کی خدمات اور قربانیوں کے عوامی اعتراف کا ذریعہ بنیں گے جنہوں نے کوریا اور ویتنام کی جنگوں میں فخر سے امریکی یونیفارم پہنا، اوران سے انکی بہادری اور حب الوطنی کو ہمیشہ سراہا بھی جائے گا اور یہ امر بھی یقینی بنے گا کہ انکی قربانیاں کبھی فراموش نہ کی جائیں۔ میرے بلوں پر دستخط ہو کر انکا ریاست نیو یارک کے قانون میں شامل ہونا کوریا اور ویتنام کی جنگوں کے سابق فوجیوں کے لئے ایک زبردست فتح ہے، اور میں اس کے لئے گورنر Kathy Hochul کی انتہائی مشکور ہوں۔ میں اپنی مسلح افواج کی حضرات و خواتین کی شکر گزار ہوں جنہوں نے ہماری آزادی کی حفاظت کی اور ہمارے طرزِ زندگی کو محفوظ رکھا۔ ویٹرنز ڈے مناتے ہوئے ہم اس سب کے لئے ان بہادر امریکی ہیروز کے مشکور ہیں اور ان کی جراتمندانہ، قابلِ احترام، اور حب الوطنی کے جذبوں سے بھرپور خدمات کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔"

رکن اسمبلی William B. Magnarelli نے کہا، "ویتنام اور کوریا کی جنگوں کے سابق فوجیوں نے غیر معمولی بہادری اور جرات کا مظاہرہ کیا تھا۔ متعدد مواقع پر انکی وطن واپسی اتنی خاموشی سے ہوئی جو ناکافی اور غیر اطمینان بخش تھی، جبکہ بدقستی سے چند مواقع پر تو شدید مخالفانہ بھی رہی۔ انکا حق ہے کہ انکا بھرپور احترام کیا جائے اور انکی خدمات اور قربانیوں کا کھل کر اعتراف کیا جائے۔ ریاست نیو یارک کے یادگاری میڈلز ان جنگوں میں خدمات انجام دینے والوں کی بہادری اور خدمات کے اعتراف کی ایک قسم بھی ہیں اور تعریف بھی۔"

قانون کی شق (S.1961B/A3913B) آجران کو پابند کرتی ہے کہ وہ 'سابق فوجیوں کے لئے مراعات اور خادمات' نامی پوسٹر نصب کریں جو محکمہ محنت مزدوری تیار اور تقسیم کرے گا۔ 50 کل وقتی مساوی ملازمین رکھنے والے آجرین پر لازم ہے کہ وہ اس پوسٹر کو کسی ایسی جگہ نصب کریں جس تک تمام ملازمین کو رسائی حاصل ہو۔

ریاستی سینیٹر John E. Brooks نے کہا، "ہمارے سابق فوجیوں نے اپنی جانیں خطرے میں ڈال کر ہماری آزادی اور طرز زندگی کی حفاظت کی - ہمیں کم از کم اتنا تو ضرور کرنا چاہیے کہ جب وہ گھر واپس لوٹیں تو ہم یقینی بنائیں کہ انہیں وہ وفاقی اور ریاستی مراعات تک رسائی حاصل کرنے میں کوئی پریشانی نہ اٹھانی پڑے جو ان کا لازمی حق ہیں۔ نیو یارک کے سابق فوجیوں کی ایک بہت بڑی تعداد کو یہ معلوم ہی نہیں کہ ان کی خدمات کے اعتراف میں کروڑوں ڈالر مراعات کی شکل میں ان کا حق ہیں -- اور اسی وجہ سے میں گورنر Hochul کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے بل پر دستخط کرکے اسے قانون کا حصہ بنایا تاکہ ایک ایسا مرکزی مقام بن جائے جہاں یہ مراعات اور خدمات پوسٹ کی جا سکیں جس سے مزید سابق فوجیوں سے رابطہ کرنا ممکن بنے۔ گو یہ ایک طویل راہ پر ایک چھوٹا سا قدم ہے کہ ہمارے سابق فوجیوں تک بات بھی پہنچ جائے اور یہ رقوم ان کی جیبوں تک بھی جا پہنچے، تاہم یہ اس جانب ایک اہم قدم ضرور ہے کہ سابق فوجی گے گھر نہ رہیں، ان کی ذہنی صحت کے مسائل حل ہوں، اور ان کی مجموعی معاشی صورتحال میں بہتری آئے۔"

رکن اسمبلی Karen McMahon نے کہا، "ہماری قوم کو اپنی بے لوث خدمات فراہم کرنے کے بعد سابق فوجیوں اور ان کے خاندانوں کا ہم پر حق ہے کہ ہم معمول کی سماجی و شہری زندگی میں واپسی کے لئے انکی بھرپور مدد و نصرت کریں۔ یہ قانون سازی لازمی قرار دیتی ہے کہ دفاتر و کاروباری مقامات میں پوسٹ کرنے کی ایک مخصوص جگہ مقرر کی جائے کے لئے جس سے یقینی بنے گا کہ سابق فوجیوں کو خدمات اور وسائل کے بارے میں معلومات بآسانی دستیاب ہوں۔ میں گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ انہوں نے تمام سابق فوجیوں کے احترام میں آج اس قانون پر دستخط کیے، جب کہ ہم ویٹرنز ڈے کے موقع پر ان کی قربانیوں کا اعتراف کر رہے ہیں۔"

قانون کی شق (S.6022B/A.5278B) شرائط پوری کرنے والے ان سابق فوجیوں کو یا جنہیں اپنی LGBTQ شناخت کی بنا پر غیر منصفانہ طور پر ڈسچارج کیا گیا تھا بعض ایسی مراعات میں شامل کرتی ہے جن کا اطلاق ایسے سابق فوجیوں پر ہوتا ہے جو فوجی سروس سے باعزت طور پر ڈسچارج یا ریلیز کیے گئے تھے۔ یہ قانون ریاستی پبلک ریٹائرمنٹ سسٹمز کے ممبران کو فوجی سروس کے لئے کریڈٹ فراہم کرنے کے بارے میں ریٹائرمنٹ اور سوشل سیکورٹی قانون کو توسیع دیتا ہے۔

ریاستی سینیٹر John E. Brooks نے کہا، "جب 'نہ پوچھو، نہ بتاؤ" کا دور تھا، تو LGBTQ سابق فوجیوں کو بےعزت کرکے ڈسچارج کر دیا جاتا تھا، جس سے ان کا کیریئر بھی ختم ہو جاتا تھا اور وہ اہم ریٹائرمنٹ مراعات بھی ان سے چھن جاتی تھیں جو ریاستی قانون کے تحت انہیں ملنا تھیں۔ ہم نے 2019 کو پاس ہونے والے اپنے "بحالی احترام ایکٹ" کے تحت ریاست نیو یارک کی درجنوں مراعات کو بحال کرکے اس کا تدارک کیا۔ اب، اس ویٹرنز ڈے پر، ہم اپنے بل کے ذریعے اس غیر منصفانہ اور امتیازی صورتحال کا مزید ازالہ کر رہے ہیں تاکہ یہ امر یقینی بنے کہ 'نہ پوچھو، نہ بتاؤ" کے تحت نکالے جانے والے LGBTQ سابق فوجی ریٹائرمنٹ اور پنشن فوائد کے لئے ریاست کے فوجی بائی بیک پروگرام میں حصہ لینے کے اہل ہوں۔ میں گورنر Hochul کا مشکور ہوں کہ انہوں نے رکن اسمبلی Barrett کے ساتھ میرے بل پر دستخط کیے، اکثریتی رہنما Andrea Stewart-Cousins کا شکریہ کہ انہوں نے یہ بل ووٹ کے لئے پیش کیا، اور SAGE سابق فوجیوں کی حمایت کے لئے بھی انکا شکرگزار ہوں۔ اس قانون سازی کے ذریعے ہمارے LGBTQ سابق فوجی وہ مراعات حاصل کر سکیں گے جنکے حقدار وہ ہمارے ملک کے لئے خدمات ادا کرنے کے دوران بنے تھے، قطع نظر انکے جنسی رجحان یا جنسی شناخت اور اظہار کے۔"

قانون کی شق (S.2238B/A6551B) ریاستی ویٹرنز ہومز میں رہائش پذیر افراد کے لئے "ریزروڈ بیڈ ڈے" پالیسی کا قیام عمل میں لاتی ہے، بشمول سابق فوجیوں، انکے جیون ساتھیوں اور بیواؤں، گولڈ سٹار والدین، اور انکے اور ان کے زیر کفالت افراد کے۔ "ریزروڈ بیڈ ڈے" ایک ایسا دن ہے جس میں ریاست کسی ریاست نیو یارک ویٹرنز ہوم کو رقم ادا کرتی ہے کہ وہ کسی اہل رہائشی کے لئے بستر تب تک برقرار رکھے جب تک وہ عارضی طور پر ہسپتال میں داخل ہے تاکہ جب وہ شخص واپس آئے تو اسکے لئے ریاستی ویٹرنز ہوم میں بستر موجود ہو۔

ریاستی سینیٹر John E. Brooks نے کہا، "میں گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گا کہ آپ نے اس اہم قانون سازی پر دستخط کرکے اسے قانون کی شکل دی جس سے ہمارے ان سابق فوجیوں کو تحفظ ملے گا جو سب سے زیادہ کمزور اور خطرے کی زد میں ہیں۔ ریاستی ویٹرنز ہوم میں رہائش پذیر کوئی بھی شخص اب محفوظ رہے گا اگر اسے کبھی عارضی طور پر کہیں اور تیمارداری کے لئے جانا پڑا اور اسے ہوم میں اپنی جگہ چھوڑنی نہیں پڑے گی۔ یہ معمول کی بات ہے کہ ہمارے ریاستی ویٹرنز ہوم اکثر مکمل بھرے ہوئے ہوتے ہیں، اور موجودہ نظام کے تحت اگر کسی سابق فوجی کو ایک یا دو دنوں کے لئے کسی پروسیجر یا خصوصی دیکھ بھال کے لئے جانا پڑے تو انہیں واپسی پر اپنی ریزرو شدہ جگہ نہیں ملتی کیونکہ وہ پہلے ہی انتظاری فہرست میں موجود کسی اور سابق فوجی کو دی جا چکی ہے۔ اس کے نتیجے میں، یہ بل ایک بہت بڑی فتح ہے کیونکہ یہ یقینی بناتا ہے کہ ہماری فوجی کمیونٹی کے سب سے کمزور اراکین کو اب مزید یہ پریشانی لاحق نہیں رہے گی کہ انہیں واپسی پر نئے سرے سے اپنی رہائش کے لئے کوئی مستقل جگہ ڈھونڈنی ہے کیونکہ انکی پہلی جگہ اسی طرح برقرار ہے۔"

قانون کی شق (S.7068A/A.7728A) مصدقہ سروس ڈِس ایبلڈ ویٹرن اونڈ بزنس انٹرپرائزز کے لئے بعض مربوط قرضوں اور فنانسنگ پروگراموں پر صفر سود شرح کی سہولت فراہم کرتی ہے اور کسی ایجنسی یا اتھارٹی یا کسی دیگر ریاستی ادارے یا وفاقی حکومت کے ادارے کے ساتھ خریداری معاہدے کے لئے معاونت اور فنانسنگ فراہم کرتی ہے۔

ریاستی سینیٹر John E. Brooks نے کہا، "یہ امریکی خواب کا تصور ہی تو ہے جس اس ملک کو اتنا عظیم بناتا ہے کہ یہاں ہر شخص - چاہے اسکی مالی حالت کیسی بھی ہو - اپنے خواب کو حقیقت میں بدلنے اور اس کے ذریعے خوشحال ہونے کے لئے جدوجہد کر سکتا ہے۔ ہمارے سابق فوجیوں کے لئے جنہوں نے ہماری ملک کی بنیادی اثاث کا دفاع کرنے میں مدد کی، یہ خواب اور بھی قابلِ رسائی ہونا چاہیے۔ میں گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے ہمارے سابق فوجیوں کی عظیم قربانیوں اور خدمات کے اعتراف میں اس اہم قانونی مسودے پر دستخط کرکے اسے قانون کی شکل دی۔ اپنی زندگی کے اہم ترین سال ہمارے ملک کی حفاظت کے لئے لگا کر، جب کہ وہ اس کے بجائے اپنا کوئی کاروبار شروع کرکے اسکی تعمیر و ترقی کے لئے محنت کر سکتے تھے، اب ہمارے سابق فوجیوں کو بھرپور موقع دیا جائے گا کہ وہ اپنے کاروبار کے خواب کو حقیقت کا روپ دے سکیں۔"

رکن اسمبلی Steve Stern نے کہا، "مجھے انتہائی فخر و مسرت ہے کہ میرے قانون ساز مسودہ جو ان کاروبار مالکان کی معاونت کے لئے تھا جنہوں نے ہمارے عظیم ملک کے لئے اتنی قربانیاں دیں، اب اس پر دستخط کرکے قانون کا حصہ بنا دیا گیا ہے۔ Excelsior Linked Deposit Program ہمارے معذور سابق فوجیوں کو یہ استعداد دے گا کہ وہ اس اہم ترین فنانسنگ تک رسائی پائیں جو ریاست نیو یارک میں انکے کاروبار کی مدد کے لئے ضروری ہے اور یہ یقینی بنائے گا کہ ہم نہ صرف کیلنڈر کے کچھ مخصوص دنوں میں اپنی فوج اور انکے خاندانوں کا تہوار منائیں بلکہ روزانہ، ہر دن یہی کریں اور انہیں ایسی بامعنی معاونت فراہم کریں جو معاشی ترقی کوبھی فروغ دے اور ہمارے شہر کے ہیروز کی بے لوث خدمات کا اعتراف بھی کرے۔ گورنر Hochul، اس اہم قانونی مسودے پر دستخط کرنے کے لئے آپ کا شکریہ۔

قانون کی شق (S.8729/A.9590) ڈویژن آف ویٹرنز سروسز کو ہدایت کرتی ہے کہ وہ ریاست کے اندر قائم شدہ سابق فوجیوں کی یادگاروں کا ایک قابلِ تلاش ڈیٹا بیس تیار کرے جس میں اس یادگار کے مقام کی معلومات بھی شامل ہوں اور یہ بھی کہ وہ یادگار کس سابق فوجی یا جنگ کے احترام میں بنائی گئی ہے۔

ریاستی سینیٹر James Sanders Jr. نے کہا، "میرین کور کے سابق فوجی کی حیثیت سے مجھے فخر ہے کہ میں نے ویٹرنز ڈے کے لئے یہ قانون سازی متعارف کروائی جس پر دستخط کرکے اب قانون کا حصہ بنا دیا گیا ہے۔ ریاست کے اندر قائم شدہ سابق فوجیوں کی یادگاروں کے قابلِ تلاش ڈیٹا بیس کی تخلیق سے اہلِ خاندان، دوستوں اور عوام کو ان مقامات تک پہنچنے اور ان باعزم افراد کے لئے اپنے ادب و احترام کا مظاہرہ کرنے میں بہت آسانی ہوگی جنہوں نے ہمارے ملک کی خدمت کی، اور انہیں وہ احترام ملنے کا عمل جاری و ساری رہے گا جسکے وہ حقدار ہیں۔"

قانون کی شق (S.8367/A.9183) نیاگرا کاؤنٹی کو یہ اختیار دیتی ہے کہ وہ سابق فوجیوں کی تنظیموں کو بعض فیسوں کی ادائیگی سے مقامی قانون کے ذریعے استثنا دے، بشمول لیکن صرف اس تک محدود نہیں تعمیراتی پرمٹ کے جائزے کی فیس اور وہ فیسیں جو ایسی کسی پوسٹ یا ہال کی کیپیٹل بہتریوں سے متعلقہ ہیں جس کی مالک ملک میں قائم سابق فوجیوں کی کوئی تنظیم ہے۔

ریاستی سینیٹر Robert G. Ortt نے کہا، "اس قانون سے سابق فوجیوں کی ہماری مقامی تنظیموں کو مدد ملے گی کہ وہ اپنی سہولیات کی دیکھ بھال اور توسیع کریں، جو ان کے ذریعے ان قابلِ احترام ہیروز کی خدمات کو انکی کمیونٹیز کے لئے بنیادی ستونوں کا درجہ دیتی ہیں۔

رکن اسمبلی William Conrad نے کہا، "سابق فوجیوں کی ہماری تنظیمیں ہماری فوج کے لئے خدمات انجام دینے والے حضرات اور خواتین کو وہ سماجی، جذباتی اور عملی معاونت فراہم کرتی ہیں جسکے وہ حقدار ہیں۔ ہم پوری طرح اظہار کا حق ادا نہیں کر سکتے کہ یہ تنظیمیں اور انکے باہم مل بیٹھنے کی جگہیں ہماری کمیونٹیز اور جن کی وہ خدمت کرتی ہیں کے لئے کتنی اہمیت کی حامل ہیں۔ یہ میرے لئے فخر کی بات تھی کہ میں نے اسمبلی میں اس بل کو سپانسر کیا، تاکہ سابق فوجیوں کے ہالوں اور پوسٹوں کی کیپیٹل بہتریوں کے مالی بوجھ میں خاطر خواہ کمی کی جا سکے۔ میں اپنے رفقاء کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے اس قانون سازی کا دو طرفہ ساتھ دیا، اور میں خصوصاً گورنر Hochul کا شکرگزار ہوں کہ انہوں نے اس پر دستخط کرکے اسے قانون کی شکل دی۔"

سابق فوجیوں اور سروس ممبرز کی خدمات کے اعتراف میں آپریشن گرین لائٹ کے جزو کے طور پر مندرجہ ذیل 17 یادگاری مقامات اور پلوں پر ہرے رنگ سے چراغاں کیا جائے گا:

- WTC1
- گورنر ماریو ایم کیومو برج
- کوزی اوشکو برج
- دی ایچ کارل مک کال SUNY بلڈنگ
- سٹیٹ ایجوکیشن بلڈنگ
- الفریڈ ای سمتھ سٹیٹ آفس بلڈنگ
- ایمپائر سٹیٹ پلازہ
- سٹیٹ فیرگراؤنڈز - مین گیٹ اور ایکسپو سینٹر
- نیاگرا فالز
- "فرینکلن ڈی روزویلٹ" مڈ-ہڈسن برج
- گرینڈ سینٹرل ٹرمینل - پرشنگ سکوائر وایاڈکٹ
- البانی انٹرنیشنل ایئرپورٹ گیٹ وے
- لیک پلیسڈ اولمپک جمپنگ کمپلیکس
- لیک پلیسڈ اولمپک سینٹر
- MTA لانگ آئی لینڈ ریل روڈ - پین اسٹیشن پر ایسٹ اینڈ گیٹ وے
- ایری کینال پر فیئرپورٹ لفٹ پل
- مائنیہان ٹرین ہال

نیویارک سٹیٹ کاؤنٹی ویٹرن سروس آفیسرز ایسوسئیشن کے صدر اور ٹیوگا کاؤنٹی ویٹرن سروس ایجنسی کے ڈائریکٹر Michael Middaugh نے کہا، "چونکہ ہم خود سابق فوجی ہیں، چنانچہ ہم ان تمام قربانیوں کو سمجھتے ہیں جو سابق فوجیوں اور انکے خاندانوں دونوں نے دیں اور ان قربانیوں کے لئے صرف "شکریہ" کہنا ہرگز کافی نہیں لگتا۔ آپریشن گرین لائٹ ایک چھوٹا سا طریقہ ہے کہ ہماری ساری کمیونٹیز کا ہر فرد اپنے سابق فوجیوں کو یہ بتائے کہ ان کی خدمات اور قربانیوں ہمارے لئے کیا معنی رکھتی ہیں، اور ساتھ ہی یہ انکا شکریہ ادا کرنے کا ایک حقیقی طریقہ بھی ہے! ہمیں بیداری اور امید کی "ہری روشنیوں کا چراغاں کرنے" پر گورنر Hochul اور ویٹرن سروسز ڈویژن کی شراکت داری پر فخر ہے جس کے ذریعے ہم اپنے ان ہیروز کے لئے اپنے احترام کا اظہار کر رہے ہیں جنھوں نے اپنے ملک کی خدمت کے لئے انتی زیادہ قربانیاں دی ہیں۔

نیویارک سٹیٹ کاؤنٹی ایگزیکٹوز ایسوسئیشن کی صدر اور پٹنیم کاؤنٹی کی ایگزیکٹو MaryEllen Odell نے کہا، "چاہے وہ سمندر پار آزادی اور جمہوریت کا دفاع ہو یا اپنے مادر وطن کا تحفظ، ہمارے سابق فوجیوں میں سے ہر شخص نے ایسی شاندار قربانیاں پیش کی ہیں جن کا احترام اور اعتراف کرنا ہم سب پر واجب ہے۔ آپریشن گرین لائٹ ایک چھوٹا سا طریقہ ہے جس سے ہم اپنے سابق فوجیوں اور انکے اہلِ خاندان کو یہ دکھا سکتے ہیں کہ ہم انکی قربانیوں کے لئے کتنے شکرگزار ہیں، اور بیداری اور امید کی ہری روشنیوں سے چراغاں کرنے پر گورنر Hochul اور ویٹرن سروسز ڈویژن کے ساتھ اور معاونت پر ہمیں بہت فخر اور مسرت ہے۔

نیویارک سٹیٹ کاؤنٹی ایسوسئیشن آف کاؤنٹیز کے صدر اور کلنٹن کاؤنٹی ایڈمنسٹریٹر Michael E. Zurlo نے کہا، "ریاست نیو یارک اور ہماری کاؤنٹیز کا سابق فوجیوں کی ہماری کمیونٹی کی مدد و معاونت میں بہت اہم کردار ہے، جو ہم سابق فوجیوں کو ان مراعات اور خدمات سے جڑنے میں مدد کرکے ادا کر رہے ہیں جس کے وہ حقدار ہیں۔ ہمیں انتہائی مسرت ہے کہ گورنر Hochul اور ویٹرن سروسز ڈویژن ایک بار پھر ہمارے ساتھ شامل ہوئے ہیں تاکہ نہ صرف اپنی شکرگزاری اور معانت کی ایک مرئی علامت تخلیق کریں بلکہ ان ہیروز کے لئے دستیاب وسائل کے متعلق شعور بھی اجاگر کریں جن میں سے کئی اب بھی ان نادیدہ زخموں کا درد محسوس کرتے ہیں جو ہماری قوم کی خدمت کرتے ہوئے انہیں لگے۔"

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418